ریزرو بینک آف انڈیا
ویب سائٹ:www.rbi.org.in

آر بی آئی 200/2016-17 | 29 دسمبر، 2016

ایف آئی ڈی ڈی، ایم ایس ایم ای & این بی ایف، سی بی سی نمبر 20/06.02.31/2016-17

سبھی شیڈولڈ کمرشل بینکیں
(علاقائی دیہی بینکوں کے علاوہ)

محترمہ/محترمہ

مائکرو اور اسمال انٹر پرائزرس کے لئے اضافی ورکنگ کیپٹل لمٹ کی منظوری

برائے مہربانی ہمارے مورخہ 27 اگست 2015 کے سرکلر ایف آئی ڈی ڈی۔ ایم ایس ایم ای اینڈ این ایف ایس ۔ بی سی نمبر 60/06.02.31/2015-16 کا حوالہ لیں جو کہ مائکرو اینڈ اسمال انٹر پرائز (خورد اور چھوٹی کمپنیوں) کو وقت پر مناسب کریڈٹ انکی بقاء کیلئے فراہم کرنے سے متعلق ہے۔ اس سرکلر کے پیرا (ii)3 کے مطابق بینکوں کو صلاح دی گئی تھی کہ وہ مائکرو اور اسمال انٹر پرائز کو اپنی قرض فراہمی کی پالیسی پر اپنے اپنے بورڈوں سے منظوری حاصل کریں اس پالیسی میں وہ انکے لئے الگ سے اضافی لمٹ طے کرنے کیلئے ایک شق (کلاز) جوڑیں تاکہ ناگہانی حالات/موسمی حالات میں انکی مصنوعات کی مانگ بڑھ جانے کی وجہ سے انکو اپنی ورکنگ کیپٹل میں اضافہ کی ضروریات پوری کرنے کیلئے بینکیں انکو قرض فراہم کرسکیں۔ بینکوں نے اس بات کا یقین دلا دیا ہے کہ وہ اپنی پالیسی کو اسی طرح بنائیں گے۔

2۔ مخصوص بینک نوٹوں/500 روپیہ اور/1000 روپیہ کی لیگل ٹینڈر کی حیثیت واپس ہونے کی وجہ سے کچھ ایم ایس ای ز (مائکرو و اسمال انٹر پرائز) کو وقتی پریشانیوں کا سامنا اپنی تجارت کو چلانے میں ہو رہا ہے نوٹ بندی کی وجہ سے لہذا یہ طے کیا گیا ہے کہ مندرجہ بالا ہدایات پر از سر نو غور کیا جائے۔

3۔ اسکے مطابق بینکوں کو صلاح دی جاتی ہے کہ وہ ''اضافی ورکنگ کیپٹل لمٹ'' (انکو بورڈوں کے ذریعہ منظور) کی سہولت کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنے ایم ایس ای قرض داروں کو نقدی بہاؤ پر قابو پانے کیلئے انکو مزید قرض فراہم کریں۔ یہ قدم 31 مارچ 2017 تک ایک بار ہی اٹھایا جاسکے گا۔ اور پھر سے ورکنگ کیپٹل کا اندازہ حالات سازگار ہونے کے بعد لگایا جائیگا۔

4۔ برائے مہربانی حصولیابی سے مطلع کریں۔

آپ کا مخلص
(اے اُدگاتا)
پرنسپل چیف جنرل منیجر

فائنشیل انکلیوزن اینڈ ڈیولپمنٹ ڈپارٹمنٹ، سینٹرل آفس، 10 ویں منزل، سینٹرل آفس بلڈنگ شہید بھگت سنگھ مارگ، پوسٹ باکس نمبر 10014 ممبئی۔1
فون 022-22601000 فیکس 912222621011/22610943/22610948 ای میل cgmincfidd@rbi.org.in